30.03.2025

21.15 Hrs

HL-OPENNING

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں اسلم بیگ

Music

.............................................................................

1 وزیراعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ چھتیس گڑھ کے نکسل واد سے متاثر علاقوں میں پائیدار امن کا نیا دور فروغ پا رہا ہے۔ انہوں نے 33 ہزار سات سو کروڑ روپے سے زیادہ مالیت کے مختلف ترقیاتی پروجیکٹوں کا افتتاح کیا نیز سنگ بنیاد رکھا۔

2 وزیراعظم نریندر موددی نے آکاشوانی پر اپنی من کی بات میں، Catch the Rain کو ایک عوامی تحریک بنانے کے لیے شہریوں پر زور دیا ہے۔

3 مرکز نے ناگالینڈ کے دیگر پانچ ضلعوں میں مسلح افواج کے خصوصی اختیارات کے قانون کو توسیع دی ہے۔

4 بھارتی بحریہ کے جہاز، زلزلے سے متاثر میانما کو انسانی امداد کے ساتھ روانہ ہو گیے ہیں۔ زلزلے میں مرنے والوں کی تعداد بڑھ کر ایک ہزار 700 سے زیادہ ہو گئی ہے۔

5 ایران نے اپنے نیوکلیائی پروگرام سے متعلق امریکہ کے ساتھ براہ راست مذاکرات کو مسترد کر دیا ہے۔

6 صدر جمہوریہ مرمو نے عیدالفطر کے موقع پر لوگوں کو مبارکباد دی ہے۔

7 اور، ایشیائی چمپئن شپ میں، بھارت کے Wrestler، اردن میں فری اسٹائل مقابلے میں طلائی تمغے کے لیے کھیلیں گے۔

.............................................................................

(Music)

اب خبریں تفصیل سے

PM Chhattishbarh Visit

وزیر اعظم نریندر مودی نے آج بلاسپور ضلعے کے موہ بھتا علاقے میں ترقیاتی پروجیکٹوں کا افتتاح کیا، سنگ بنیاد رکھا اور وقف کیا، جن کی لاگت 33 ہزار 700 کروڑ روپے سے زیادہ ہے۔ ان پروجیکٹوں میں بجلی، سڑکیں، ریل،

تیل اور گیس، تعلیم اور ہاؤسنگ شامل ہے۔

ایک عوامی جلسے سے خطاب کرتے ہوئے جناب مودی نے کہا کہ چھتیس گڑھ کے نکسل متاثرہ علاقوں میں امن کا ایک نیا دور شروع ہوا ہے اور یہاں بہتر سڑکیں، بجلی، موبائل نیٹ ورکس اور حفظان صحت کی سہولیات ، دور دراز کے قبائلی علاقوں تک پہنچ رہی ہیں۔

S/B PM Peace

اُنہوں نے اسکول دوبارہ کھولے جانے اور قبائلی ترقی کیلئے، دھرتی آبا جنجاتی اُتکرش ابھیان کے آغاز کا ذکر کیا۔

تقریب کے دوران جناب مودی نے پردھان منتری آواس یوجنا گرامین کے تین لاکھ مستفیدین کو چابیاں سپرد کیں۔ انہوں نے زور دے کر کہا کہ اس قدم سے لوگوں کو نہ صرف گھر فراہم ہوں گے بلکہ مقامی کاریگروں، تجارت پیشہ افراد اور ٹرانسپورٹ سے وابستہ پیشہ وروں کے روز گار کے موقعوں میں اضافہ ہوگا۔

S/B PM Beneficiaries

وزیراعظم نے اَبھَن پور۔ رائے پور ریل سیکشن پر MEMU ٹرین خدمات کو بھی جھنڈی دکھا کر روانہ کیا۔

ہاؤسنگ اور شہری ترقی کے مرکزی وزیر منوہر لال کھٹر اور چھتیس گڑھ کے وزیر اعلیٰ وِشنو دیو سائی نے بھی اجتماع سے خطاب کیا۔X

PM Mann ki Baat

وزیر اعظم نریندر مودی نے آج ٹکسٹائل کچرے پر تشویش کا اظہار کیا ہے کہ انہوں نے اِسے ایک بڑا عالمی چیلنج قرار دیا۔

آکاشوانی پر اپنے من کی بات خطاب میں انہوں نے ذکر کیا کہ ٹکسٹائل کا، ایک فیصد سے بھی کم حصہ ، نئے کپڑے بنانے میں استعمال کیا جاتا ہے۔ اُنہوں نے کہا کہ بھارت، کپڑے کے کچرے کے ضمن میں تیسرے درجے پر ہے۔

پانی کے تحفظ کا ذکر کرتے ہوئے جناب مودی نے ریاستوں میں پانی جمع کرنے کی بڑھتی ہوئی کوششوں کی رفتار پر اطمینان کا اظہار کیا ۔ اُنہوں نے کہا کہ اس سال کی، بارش کا پانی بچاؤ مہم کی تیاریاں زوروں پر ہیں۔انہوں نے عوام سے زور دے کر کہا کہ وہ اسے عوامی تحریک کی شکل دیں۔

جناب مودی نے نوجوان سامعین کو ، موسم گرما کی چھٹیوں کے خصوصی کیلنڈر 'مائی بھارت' سے بھی واقف کرایا جس میں نوجوانوں کی سرگرمیوں کیلئے منفرد انداز کے اقدامات کا منصوبہ دیا گیا ہے۔X

Amit Shah Bihar

بی جے پی کے سینئر رہنما اور مرکزی وزیر امت شاہ نے آج، بہار کے اپنے دورے کے آخری مرحلے میں، پٹنہ میں NDA کی سبھی پانچ حلیف پارٹیوں کے رہنماؤں کی میٹنگ کا انعقاد کیا۔ گوپال گنج میں ایک عوامی جلسے سے خطاب کرنے کے بعد جناب شاہ نے وزیر اعلیٰ نتیش کمار کی سرکاری رہائش گاہ پر یہ میٹنگ منعقد کی اور بہار اسمبلی انتخابات سے متعلق حکمت عملی اور مختلف معاملات پر بات چیت کی۔ امکان ہے کہ یہ اسمبلی انتخابات اس سال کے آخر میں منعقد کرائے جائیں گے۔

JDU کے قومی صدر اور وزیر اعلیٰ نتیش کمار کے علاوہ LJPR، ہندوستانی عوامی مورچہ سیکولر اور راشٹریہ لوک مورچہ جیسی، این ڈی اے کی سبھی حلیف پارٹیوں کے رہنما بھی اس میٹنگ میں موجود تھے۔

یہ میٹنگ دلی میں این ڈی اے اتحاد میں اس سے پہلے منعقدہ مذاکرات کی ضمن میں کی گئی ہے۔

بی جے پی کے انچارج ونود تاوڑے، جے ڈی یو کے ورکنگ صدر سنجے جھا، LJP رام ولاس کے سربراہ چراغ پاسوان، ہندوستانی عوامی مورچہ سیکولر کے سربراہ جیتن مانجھی، راشٹریہ لوک مورچہ کے سربراہ اپیندر کشواہا اور دیگر بہت سے مرکزی وزراء ، ریاستی وزراء اور سیاسی رہنماؤں نے میٹنگ میں شرکت کی۔ X

جناب امت شاہ نے کہا کہ NDA ، ترقی کا دوسرا نام ہے کیونکہ بہار کیلئے بہت سے پروجیکٹوں اور ترقیاتی کاموں کی منظوری دی گئی ہے۔

جناب شاہ نے کہا کہ اگر وہ انتخاب جیت کے بعد اقتدار میں آئی تو سیلاب کی پریشانی بھی حل کی جائے گی اور سیلاب کا قہر ،محض ماضی کا قصہ بن کر رہ جائے گا۔

S/B Amit Shah

UPA اور NDA کے اقتدار کا مقابلہ کرتے ہوئے جناب شاہ نے کہا کہ وزیر اعظم نریندر مودی نے بہار کو 9 اعشاریہ دو تین لاکھ کروڑ روپے دیئے ہیں جبکہ پچھلے 10 سال میں محض دو اعشاریہ آٹھ لاکھ کروڑ روپے دیئے گئے تھے۔

اُنہوں نے الزام لگایا کہ RJD سربراہ لالو پرساد نے اپنی سیاسی خدمات میں محض خاندانی سیاست کو آگے بڑھایا۔

جناب شاہ نے لوگوں سے اپیل کی کہ اگر وہ نہیں چاہتے کہ بہار میں جنگل راج واپس آئے تو وہ بہار اسمبلی کے آئندہ انتخابات میں این ڈی اے کو ووٹ دیں ۔X

## Chattishgargh Maoists

چھتیس گڑھ میں، 50 ماؤنوازوں نے آج بیجاپور میں خودسپردگی کی۔ اِن میں 13 ماؤنواز ایسے ہیں جن پر مجموعی طور سے 68 لاکھ روپے کا انعام رکھا ہوا تھا۔ اسی کے ساتھ یہ ریاست کی تاریخ میں سب سے زیادہ تعداد میں خودسپردگی ہے۔ بیجاپور کے پولیس کے سپرنٹینڈینٹ جتیندر کمار یادو نے کہا کہ اس گروپ میں ماؤنواز PLGA بٹالین اور دیگر یونٹس کے ملیشیا کمانڈرس اور ڈپٹی کمانڈر شامل ہیں۔ خودسپردگی کرنے والے ہر ماؤنواز کو، ریاست کی بازآبادکاری کی پالیسی کے تحت، 25 ہزار روپے کی ترغیباتی رقم فراہم کی گئی۔ وزیراعلیٰ ویشنو دیو سائی نے بڑھتے ہوئے عوامی اعتماد کے لیے دور دراز کے BASTAR میں سکیورٹی کیمپوں کی بڑھی ہوئی تعداد، سڑکوں کی تعمیر ، نیز تعلیم اور صحت خدمات کی ستائش کی۔

انہوں نے ان لوگوں کی بازآبادکاری کے لیے سرکار کے عہد کا اعادہ کیا جنہوں نے تشدد کو ترک کیا ہے۔
مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ نے چھتیس گڑھ کے بیجاپور میں پچاس نکسل وادیوں کی خودسپردگی کا آج خیرمقدم کیا۔ انہوں نے اصل دھارے میں شامل ہونے کے ان کے فیصلے پر اظہار مسرت کیا۔ سوشل میڈیا کے ایک پوسٹ میں جناب شاہ نے دیگر نکسل وادیوں پر تشدد کو ترک کرنے نیز معاشرے کے ساتھ ہم آہنگ ہونے پر زور دیا۔ انہوں نے زور دے کر کہا کہ وزیراعظم نریندر مودی کی پالیسی ان افراد کے لیے بازآبادکاری اور ترقی کرنے کی یقین دہانی کراتی ہے جو خودسپردگی کرتے ہیں۔ انہوں نے یہ کہتے ہوئے نکسل واد کو جڑ سے ختم کرنے کے حکومت کے عہد کا اعادہ کیا کہ یہ 31 مارچ 2026 کے بعد بھارت میں تاریخ کا حصہ بن جائے گا۔×

## AFSPA Arunachal Manipur and Nagaland

وزارت داخلہ نے منی پور، اروناچل پردیش اور ناگالینڈ کے حصوں میں مسلح افواج (خصوصی اختیارات) کے قانون کو مزید چھ مہینے کے لیے توسیع دے دی ہے، جس کا اطلاق یکم اپریل 2025 سے ہوگا۔ منی پور میں امپھال مغربی، امپھال مشرقی، Thoubal ، Bishanpur اور Kakching کے 13 پولیس اسٹیشنوں کے تحت علاقوں کے علاوہ، تمام اضلاع میں AFSPA کا نفاذ جاری رہے گا۔ ریاست کو مئی 2023 کے بعد سے نسلی تشدد کا سامنا ہے اور یہاں 13 فروری سے صدر راج قائم ہے۔ ناگالینڈ میں یہ قانون آٹھ اضلاع اور دیگر پانچ کے علاقوں میں نافذ رہے گا۔ اروناچل پردیش میں AFSPA کا نفاذ Tirap، Changlang، Longding اور Namsai ضلعے کے مخصوص علاقوں میں جاری رہے گا۔

یہ توسیع امن و قانون کی صورتحال کا جائزہ لینے کے بعد کی گئی ہے۔ اس کے ساتھ ہی AFSPA ان خطوں میں سکیورٹی کے مسائل پر توجہ مرکوز کرنے کے لیے نافذ رہے گا۔×

Myanmar Zuake Update

میانما فوج کے سربراہ نے آج تصدیق کی ہے کہ زلزلے میں ہلاک ہونے والوں کی تعداد ایک ہزار 700 سے زیادہ ہو گئی ہے۔ جبکہ بہت سے لوگ اب بھی ملبے میں دبے ہوئے ہیں۔

محدود وسائل، منقطع رابطوں اور افراتفری کی وجہ سے راحت کوششوں کو، بہت سی مشکلات درپیش ہے، جس کی وجہ سے مقامی لوگوں کو ہاتھ سے ملبہ ہٹانا پڑرہاہے۔

اِسی دوران Mandalay کے نزدیک پانچ اعشاریہ ایک شدت کے زلزلے کے جھٹکے محسوس کئے گئے جو جمعہ کے سات اعشاریہ سات شدت کے زلزلے کا مرکز تھا۔ اِن جھٹکوں میں کسی کے جانی و مالی نقصان کی کوئی خبر نہیں ہے۔

میانما کی فوج Junta نے اس قدرتی آفت کے باوجود، ملک کے کچھ علاقوں میں بمباری کا سلسلہ جاری رکھا ہوا ہے جس کی اقوام متحدہ نے مذمت کی ہے۔X

Myanmar Zuake Update

میانما فوج کے سربراہ نے آج تصدیق کی ہے کہ زلزلے میں ہلاک ہونے والوں کی تعداد ایک ہزار 700 سے زیادہ ہو گئی ہے۔ جبکہ بہت سے لوگ اب بھی ملبے میں دبے ہوئے ہیں۔

محدود وسائل، منقطع رابطوں اور افراتفری کی وجہ سے راحت کوششوں کو، بہت سی مشکلات درپیش ہے، جس کی وجہ سے مقامی لوگوں کو ہاتھ سے ملبہ ہٹانا پڑرہاہے۔

اِسی دوران Mandalay کے نزدیک پانچ اعشاریہ ایک شدت کے زلزلے کے جھٹکے محسوس کئے گئے جو جمعہ کے سات اعشاریہ سات شدت کے زلزلے کا مرکز تھا۔ اِن جھٹکوں میں کسی کے جانی و مالی نقصان کی کوئی خبر نہیں ہے۔

میانما کی فوج Junta نے اس قدرتی آفت کے باوجود، ملک کے کچھ علاقوں میں بمباری کا سلسلہ جاری رکھا ہوا ہے جس کی اقوام متحدہ نے مذمت کی ہے۔X

Navy Operation Brahma

بھارتی بحریہ کے جہازوں کرمک اور LCU 52 آج انڈمان و نکوبار کمان سے روانہ ہوں گے۔ یہ جہاز میانما میں زلزلے کے بعد کے حالات میں انسانی ہمدردی کی بنیاد پر مدد کے لئے ینگون پہنچیں گے۔ یہ جہاز تقریباً 52 ٹن راحت سامان لے کر جائیں گے جس میں لازمی کپڑے، پینے کا پانی، خوراک، دوائیں اور ایمرجنسی سامان شامل ہیں۔

INS ستپورہ اور INSساوتری، کل بھارت کی طرف سے فوری کارروائی کے حصے کے طور پر مشرقی بحری کمان سے روانہ ہوئے تھے۔

وزارت دفاع نے بتایا کہ بھارتی بحریہ ، خطے میں، سب سے پہلے کارروائی کرنے والی بحریہ کے طور پر کاربند ہے۔X

## Iran Reject US

ایران کے صدر Masoud Pezeskian نے آج کہا کہ تہران نے،امریکہ کے ساتھ اپنے ترقی پذیر نیوکلیائی پروگرام سے متعلق براہ راست مذاکرات کرنے کو مسترد کر دیا ہے۔ البتہ، یہ عمان کے توسط سے باالواسطہ مذاکرات کے لیے تیار ہے۔ ان کا یہ جواب امریکی صدر ڈونالڈ ٹرمپ کی جانب سے ایران کے روحانی پیشوا کو بھیجے گئے ایک خط کے بعد سامنے آیا ہے۔ ایران کے موقف میں ماضی کے مقابلے یہ ایک تبدیلی ہے جس میں امریکہ، دباؤ اور فوجی دھمکیاں کلیدی عناصر تھیں، جن کا حوالہ دیتے ہوئے براہ راست مذاکرات کرنے کی خواہش کا اظہار کیا گیا تھا۔ وزیر خارجہ عباس Araghchi نے کہا کہ باالواسطہ مذاکرات، ایک اختیار ہے، البتہ موجودہ صورتحال میں براہ راست مذاکرات ممکن نہیں ہے۔

وہائٹ ہاؤس نے اس پر کوئی ردعمل ظاہر نہیں کیا ہے۔ ، ٹرمپ کے ذریعے 2018 میں 2015 کے نیوکلیائی سمجھوتے سے دست بردار ہونے کے بعد سے، باالواسطہ بات چیت تعطل کا شکار ہیں۔x

## Eid ul Fitr

جموں و کشمیر، اترپردیش اور تلنگانہ میں آج شام شوال کا چاند نظر آ گیا۔ جس سے اس بات کی تصدیق ہوتی ہے کہ ان ریاستوں میں کل عیدالفطر منائی جائے گی۔ جموں و کشمیر میں مفتی اعظم نصیرالاسلام نے رمضان المبارک کے اختتام اور شوال کے چاند نظر آنے کا اعلان کیا۔ عید خصوصی دعاؤں، دعوت اور صدقات و خیرات کی ادائیگی کے ساتھ منائی جائے گی۔

لکھنؤ میں مولانا خالد رشید فرنگی محلی کی صدارت والی چاند دیکھنے کی مرکزی کمیٹی نے لکھنؤ میں چاند نظر آنے کی تصدیق کی۔ عید کی نماز صبح 10 بجے لکھنؤ عیدگاہ میں ادا کی جائے گی۔ نمازیوں کو سڑکوں کے بجائے مساجد اور عیدگاہوں کے اندر نماز ادا کرنے کیلئے ایک ایڈوائزری جاری کی گئی ہے۔

ریاست بھر میں حساس مقامات پر سکیورٹی بڑھا دی گئی ہے۔ X

## Prez Eid Wishes

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے، عیدالفطر کے موقعے پر بھارت اور بیرون ملک مقیم تمام شہریوں، خاص طور پر مسلم کمیونٹی کو مبارکباد دی ہے۔ اپنے پیغام میں انہوں نے واضح کیا کہ یہ تہوار رمضان کے دوران روزہ رکھنے اور عبادت کرنے کے بعد منایا جاتا ہے اور یہ بھائی چارے، تعاون اور ہمدردی کی اقدار کو تحریک دیتا ہے۔ انہوں نے زور دے کر کہا کہ عید سماجی بندھنوں کی پرورش کرتی ہے اور ایک ہم آہنگ، پرامن اور خوشحال معاشرے کو فروغ دیتی ہے۔ محترمہ مرمو نے، اِس امید کا اظہار کیا کہ یہ تہوار سب کے لیے امن، ترقی اور خوشحالی لائے گا اور انہیں مستقبل کے لیے ایک مثبت سوچ کی ترغیب دے گا۔×

## Asian Wrestling Championship

بھارتی Wrestler ادیت اور دیپک پونیہ اردن کے شہر امان میں ایشیائی چمپئن سپ کے فری اسٹائل مقابلے میں فائنل میں پہنچ گئے ہیں۔ اس کے ساتھ ہی بھارت کے طلائی تمغہ حاصل کرنے کی امیدیں روشن ہیں۔ مقابلے کے حتمی دن ادیت نے مردوں کے 61 کلوگرام زمرے میں چین کے Wanhao Zou کو دو-صفر سے شکست دی جبکہ دیپک پونیہ نے 92 کلوگرام ڈویژن میں جاپان کے Takashi Ishiguro کو آٹھ - ایک سے ہرا دیا۔ فائنل میں ادیت کا مقابلہ جاپان کے Takara Suda سے ہوگا جبکہ پونیہ کا مقابلہ ایران کے Amir Hossein Firouzpourbandpei سے ہوگا۔ مردوں کے فری اسٹائل مقابلے میں Mukul Dahiya ( 86 کلو) اور دنیش (125 کلو) آج رات کانسے کے تمغوں کے لیے مقابلے میں حصہ لیں گے۔×

## Pak Night Travel Ban

پاکستان کے صوبہ بلوچستان میں حکام نے شام 6 بجے سے صبح 6 بجے تک اہم قومی شاہراہوں پر رات کو سفر کرنے پر پابندی عائد کر دی ہے۔ یہ پابندی حالیہ ہفتوں میں گھات لگا کر کیے گئے حملوں کے سلسلے کے بعد سکیورٹی کی بگڑتی ہوئی صورتحال کے تناظر میں لگائی گئی ہے۔ حکام نے بتایا کہ بندوق بردار نے گاڑیوں کو روکا، مسافروں کی شناخت کو چیک کیا اور نسلی پنجابیوں کو ہلاک کر دیا۔ یہ پابندی Kachhi، Zhob، Gwadar، Nushki اور Muskhail ضلعوں میں شاہراہوں پر عائد کی گئی ہے۔ بلوچستان کو دو دہائیوں سے نسلی بلوچ علیحدگی پسندوں کے ذریعے شورش کا سامنا ہے، جو وفاقی سرکار پر صوبے کے معدنیاتی وسائل کا استحصال کرنے کا الزام لگاتے ہیں۔

سفر کرنے پر یہ پابندی، ممنوعہ بلوچستان لبریشن آرمی کے ملی ٹینٹس کے ذریعے جعفر ایکسپریس ٹرین کو ہائی جیک کرنے کے تین ہفتے بعد عائد کی گئی ہے۔×

## Srilanka Flights

بھارتی ہوائی کمپنی IndiGo نے بھارت اور سری لنکا کے درمیان فضائی کنکٹیویٹی کو توسیع دیتے ہوئے، تریچوپلّی اور جافنا کے درمیان براہ راست پروازوں کا آغاز کیا۔ IndiGo ایک ہفتے میں چھ پروازیں آپریٹ کرے گا۔ پرواز ٹریچوپلّی سے دوپہر ایک بجکر 25 منٹ پر روانہ ہوگی اور یہ دو بجکر 25 منٹ پر جافنا پہنچے گی۔ واپسی کی پرواز جافنا سے سہ پہر تین بجکر 10 منٹ پر روانہ ہوگی اور شام چار بجکر 5 منٹ پر تریچوپلّی پہنچے گی۔ جافنا، روزانہ کی پروازوں کے ذریعے چنئی کے ساتھ پہلے سے ہی منسلک ہے۔ توقع ہے کہ یہ نیا روٹ خاص طور پر سری لنکا کے شمالی صوبے کے لیے سفر اور تجارت کو وسعت دے گا۔×

## Syria New Interium Government

شام کے عبوری صدر احمدال شارع نے قریبی اتحادیوں کی تسلط والی ایک نئی عبوری حکومت کا اعلان کیا ہے جو طویل مدت حکمراں بشرالاسد کی معزولی کے بعد سے نگراں حکام کی جگہ لے گی۔ اسد خاندان کی اقتدار سے معزولی کے تقریباً چار مہینے بعد کل نئی حکومت کو حلف دلایا گیا۔ حزب اختلاف کی تجربہ کار شخصیت Hind Kabawat کو سماجی امور اور محنت کی وزارت کیلئے نامزد کیا گیا ہے۔ وہ شام میں عیسائی اقلیت کی رکن اور لمبی مدت تک اسد حکومت کی مخالف رہی ہیں وہ شارح کی جانب سے مقرر ہونے والی پہلی خاتون بن گئی ہیں۔ یہ اعلان حالیہ تشدد کے بعد ایک جامع شامی منتقلی کے بین الاقوامی مطالبات کے درمیان سامنے آئے ہیں۔X

## Odisha Train Derail

اڈیشہ میں، بینگلورو-گواہاٹی کامکھیا سپرفاسٹ ایکسپریس ریل گاڑی کے گیارہ ڈبے آج کٹک ضلعے میں نیرگنڈی ریلوے اسٹیشن کے قریب پٹری سے اتر گئے۔ اس واقع میں ایک مسافر ہلاک جبکہ کم سے کم سات افراد زخمی ہوئے ہیں جن میں سے بہت سے شدید طور پر زخمی ہیں۔طبی ٹیموں ، NDRF اور فائر سروسز کے عملے کے افراد جائے حادثہ پر بچاؤ کی کارروائیوں میں مصروف ہیں۔ زخمیوں کو کٹک کے SCB میڈیکل کالج میں بھیجا جا رہا ہے۔ بھارتی ریلوے نے متاثرہ مسافروں اور ان کے اہل خانہ کے لیے ہیلپ لائن نمبروں کا اعلان کیا ہے۔ریل خدمات کو بحال کرنے اور پھنسے ہوئے مسافروں کی مدد کرنے کی کوششیں کی جا رہی ہیں۔ ×

New Year Festivals

ملک کے مختلف حصوں میں آج نئے سال کا روایتی تہوار Chaitra Sukladi، اُگاڈی، گوڑی پرو، چیتی چند، Navreh اور Sajibu Cheiraoba منایا جارہا ہے۔

اس دن سے Chaitra نوراتری کی شروعات بھی ہوتی ہے۔ صدر جمہوریہ دروپدی مرمو، نائب صدر جگدیپ دھنکڑ اور وزیر اعظم نریندر مودی نے اس موقع پر لوگوں کو مبارکباد دی ہے۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں صدر جمہوریہ مرمو نے اس بات کی اہمیت کو اُجاگر کیا کہ موسم بہار کے استقبال اور نئے سال کے آغاز پر منائے جانے والے یہ تہوار بھارت کی بھر پور ثقافتی تنوع میں اتحاد کی علامت ہیں۔

نائب صدر جگدیپ دھنکڑ نے اپنے پیغام میں کہا کہ پورے ملک میں مختلف ناموں سے جانے جانے والے یہ تہوار نئے سال کے آغاز کی علامت ہیں۔

وزیر اعظم نریندر مودی نے اس موقع پر مبارکباد پیش کرتے ہوئے لوگوں کی اچھی صحت اور خوشحالی کی دعائیں کی۔X